مسئلہ: محترم جناب مفتی صاحب جامعہ اشرفیہ لاہور، عورت حیض کے دوران کون کونسی عبادت کرسکتی ہے اور کونسی نہیں کرسکتی؟

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اَلْجَوَابُ حَامِدًا وَّمُصَلِّيًا

واضح رہے کہ حالتِ حیض میں حائضہ کا مسجد میں جانا، نماز پڑھنا، روزہ رکھنا، قرآنِ کریم کو چھونا اور پڑھنا اور طواف کرنا وغیرہ ممنوع ہیں البتہ ذکر واذکار، درود شریف اور تسبیحات پڑھنے میں کوئی حرج نہیں ہے۔

١. أخرج البخاري من طريق أبي سعيد الخدري رضي الله تعالىٰ عنه حديثاً طويلاً وطرفه: أليس إذا حاضت لم تصل ولم تصم؟ قلن: بلى، قال: فذٰلک من نقصان دينها۔ (صحيح البخاري، كتاب الحيض / باب ترک الحائض الصوم ١٫ ٤٤ رقم: ٣٠٢)

٢. أخرج مالک عن عبد الله بن أبي بكر بن حزم أن في الكتاب الذي كتبه رسول الله صلى الله عليه وسلم لعمرو بن حزم أن لا يمس القرآن إلا طاہرا۔ (الموطأ لإمام مالک، كتاب القرآن، باب الأمر بالوضوء لمن مس القرآن ١٥٣ رقم: ١)

٣. عن عائشة رضى الله تعالىٰ عنها تقول: جاء رسول الله صلى الله عليه وسلم ووجّوه بيوت أصحابه شارعة في المسجد، فقال: وجّهوا البيوت عن المسجد فإني لا أحل المسجد لحائض ولا جنب۔ (سنن أبي داؤد، كتاب الطهارة / باب في الجنب يدخل المسجد ١٫ ٣٠ رقم: ٢٣٢ دار الفكر بيروت)

٤. ومنها أن لا تمس المصحف، ومنها أن لا تقرأ القرآن عندنا، ومنها أن لا تدخل المسجد، ومنها أن لا تطوف بالبيت في الحج۔ (المحيط البرہاني ١٫ ٤٠١- ٤٠٣ إدارة القرآن كراچی، التنوير مع الدر على رد المحتار ١٫ ٤٨٤-٤٨٨ زكريا، شامي ١٫ ٤٢٤ بيروت. والله تعالىٰ اعلم بالصواب

ڈاکٹر امجد علی عفی عنہ

رفیق دار الافتاء جامعہ اشرفیہ لاہور

۰۹/ صفر/ ۱۴۴۴ھ

07/ ستمبر/ 2022ء

الجواب صحیح

الجواب صحیح

7-9-2022